سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# کتالونیا میں میزبانی

**ACOLLIDA**

## کتالونیا میں میزبانی کے پروگرام

**ELS PROGRAMES D'ACOLLIDA A CATALUNYA**

## کتلونیا میں ہجرت کر کے آنے والے افراد اور وطن واپس لوٹ کر آنے والے شہریوں کیلئے وضع کردہ قانون

**LA LLEI D'ACOLLIDA DE LES PERSONES IMMIGRADES I LES RETORNADES A CATALUNYA**

**MATERIALS DE SUPORT A L'ACOLLIDA**

نئے آنے والے تمام خواتین حضرات کو خوش آمدید! کتلونیا ایک ایسا ملک جو تاریخی اعتبار سے ہجرت کر کے آنے والوں کی سرزمین رہا ہے، اور ان لوگوں کی میزبانی میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے جنہوں نے اس کی ترقی میں حصہ لیا۔

ہجرت کرنے والے کیلئے نئے معاشرے میں شمولیت کیلئے آنا ایک اہم عنصر ہے۔ ابتدائی لمحات میں نئے ہمسائیوں کی طرح ہم جو پہلے تعلقات بناتے ہیں وہ نئی زندگی کیلئے بڑے مددگار ہوتے ہیں

کتلونیا میں ہجرت کر کے آنے والے افراد اور وطن واپس لوٹ کر آنے والے شہریوں کیلئے وضع کردہ قانون کے مطابق جامع معلومات فراہم کرے گا اس پروگرام کا مقصد کتلان معاشرتی ترقی میں شمولیت اور معاشرتی اتصال اور بھائی چارے کی فضا کو بہتر بنانا ہے

اس عمل میں حکومت کتالونیا (Generalitat de Catalunya) مدد دے گی تا کہ مقامی انتظامیہ شمولیت کے شعور کو اجاگر کرے لوگوں کی آبادکاری اور میزبانی کے لیے تمام وسائل مہیا کرے، میزبانی اور آبادکاری کے اس عمل میں پرائیویٹ ادارے بھی مقامی انتظامیہ کے ساتھ جامع انداز سے حصہ لیں گے۔

جیسا کہ اس ویب سائٹ کے دوسرے حصوں میں ہم دیکھیں گے کہ کتلان معاشرے کا شہری بننے کے لئے تمام ضروری معلومات اور وسائل کی نشاندہی کی گئی ہے جو اس بات کا اشارہ ہے کہ کتالان ایک میزبان معاشرہ ہے اور ہجرت کر کے آنے والے یہاں باآسانی اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

اسی تسلسل کے ساتھ ہم وضاحت کرتے ہیں کہ کتالونیا میں کس طرح کی سہولتیں اور وسائل میسر ہیں لیکن یاد رکھیں کہ تمام سہولتیں اور معلومات آپ کو اپنے علاقے کی یونین کونسل کی حدود ہی میں میسر ہوں گی۔

## کتالونیا میں میزبانی کے پروگرام

## ELS PROGRAMES D'ACOLLIDA A CATALUNYA

اس پروگرام کا مقصد عوامی سہولتوں اور وسائل تک رسائی اور ان کو کیسے استعمال کرنا ہے چونکہ یہ سہولتیں یونین کونسل کے علاقے میں مختلف جگہوں پر موجود ہیں اس لیے نئے آنے والوں کو ان کے متعلق تمام معلومات دینا ضروری ہے تا کہ وہ ہر ایک کی خصوصیات اور کام کو سمجھ سکیں۔

عام طور پہ عمل آپ کے رہائشی دفتر میں اندراج (empadronament) کے ساتھ ہی شروع ہو کر ہماری ضروریات کے مطابق مسلسل آگے بڑھتا رہتا ہے۔
رہائشی اندراج کے بعد یہ نظام ہمیں ایک کے بعد دوسری بنیادی ضروریات کی طرف لے جاتا ہے۔

- صحت کا کارڈ حاصل کرنے کے بعد نظام صحت تک رسائی
- تعلیمی کورسز میں داخلہ کی سہولت
- کام کے متعلق پروگراموں تک رسائی
- کرائے پہ مکان حاصل کرنے کیلئے حکومتی اداروں کی رہنمائی

چنانچہ تمام سہولیات جو کہ ہماری بنیادی ضرورتوں کے ساتھ منسلک ہیں جیسے حکومتی مالی امداد، بجلی پانی یا گیس لگوانا صرف رہائشی اندراج(empadronament) کرواتے ہی ان تک رسائی ممکن ہو سکی۔

ان تمام سہولتوں سے مستفید ہونے کے علاوہ مقامی انتظامیہ(ajuntaments i consells comarcals) نے مندرجہ ذیل اقدامات بھی اٹھائے ہیں

### ۔غیر ملکیوں کے قانون کے متعلق قانونی معاونت

(Informació i assessorament jurídic sobre estrangeria)

اس سروس میں آپ کو رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنے کیلئے تمام شرائط اور ضروری کاغذات کے متعلق مدد دی جائے گی، اس کے علاوہ فیملی کو کیسے لانا اور نیشنلٹی کا کیا طریقہ کار ہے بتایا جائے گا، یہ تمام سہولتیں آپکی رہائشی کونسل یا کسی بھی نزدیکی یونین کونسل سے لی جا سکتی ہیں۔

### ۔زبان سیکھنے کی سہولت

(Acolliment lingüístic)

کتلونیا آنے والے تمام لوگوں کی بنیادی ضرورت زبان ہے تا کہ وہ مقامی آبادی کے ساتھ روابط بڑھا سکیں۔ جیسے بہت سے ہجرت کر کے کتلونیا آنے والے یہاں کی زبان جو کہ کتلان ہے نہیں بول سکتے چنانچہ زبان سکھانے والے ادارے بالغوں کو زبان سکھانے کیلئے کتلان لسانی اکیڈمی (Consorci per a la Normalització Lingüística) مختلف کورسز کا اہتمام کرتی ہے۔ اس کے علاوہ بین الثقافتی تعلقات کے فروغ کیلئے مختلف گروپس کے درمیان تبادلہ خیال کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔
امیگرنٹس کے خوش آمدیدی قانون میں نئے آنے والے شہریوں کیلئے سرکاری طور پر مقامی زبانوں کتلان اور کستیانو سیکھنے کا حق دیا گیا ہے
نئے آنے والے بچوں اور نوجوانوں کو کتلان سکھانے کیلئے سکولوں میں علیحدہ کلاسز (Aules d'acollida) کا انتظام بھی کیا جاتا ہے

## ماحول سے واقفیت کا پروگرام

(Promoció del coneixement de l'entorn)

کسی بھی نئے معاشرے میں آنا اور ارد گرد کے ماحول کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ اس کی تاریخ جاننا اور اس نظام کو سمجھنا کہ کہاں سے آیا اور یہ کیسے کام کرتا ہے، اس کے علاوہ وہاں کا رہن سہن اور وہاں کی مہذب اقدار کا جاننا بہت ضروری ہے۔ اس سارے عمل کو سمجھنے کیلئے درج ذیل اقدامات اٹھائے گئے ہیں

### ۔خوش آمدید میٹنگ

(Sessions de benvinguda)

مقامی یونین کونسل تمام نئے آنے والوں کو معلومات دینے کیلئے اکٹھا کرتی ہے جہاں انہیں کونسل کے تعارف کے علاوہ انکی سروسز کام کرنے کے طریقہ کار اور ان سہولیات سے فائدہ اٹھانے کے متعلق بتایا جاتا ہے، مزید بر آں سماجی اور ثقافتی پروگراموں کی تفصیل بھی دی جاتی ہے

### ۔رسم ورواج اور کلچر سے آگاہی

(Sessions de formació sociocultural)

اس سیشن میں یونین کونسل اور مقامی معاشرے کے متعلق تمام بنیادی جامع معلومات دی جاتی ہیں اس کے علاوہ عوامی نظام کے خدوخال بتانا جیسے تعلیم، صحت، رہائش، کام اور سوشل سروسز کہ یہ کہاں موجود ہیں اور کیسے کام کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ مہذب معاشرتی اقدار اور مختلف مقامی تنظیموں کے ساتھ ملکر مقامی معاشرے میں شمولیت سے آگاہی بھی اس پروگرام کا حصہ ہے۔

۔تمام یونین کونسلوں اور متعلقہ ادارے لائبریری، کھیلوں کے سنٹر، تھیٹر، اور سوک سنٹرز میں لوگوں کی سیر وتفریح کا اہتمام کر سکتے ہیں، مقامی تنظیمیں، جیسے ہمسائیوں اور والدین کی تنظیم مزدور یونین ثقافتی میلوں اور کھیلوں کے ادارے بھی اس پرگرام کا حصہ ہیں۔

### ۔معلوماتی کتابچہ

(Guies d'acollida)

یہ کتاب ایک طرح کا انفرادی اور اجتماعی ہتھیار ہے، یہ کسی بھی سرکاری ادارے سے مل سکتی ہے یہ حکومت کی منظور شدہ اشاعت ہے جو مختلف زبانوں میں ترجمہ کی گئی ہے اس میں ہمیں تمام ضروری معلومات دی گئی ہیں جیسے یونین کونسل کی حدود میں تمام سرکاری اداروں کے ایڈریس ان کے کام کرنے کے اوقات اور ان سے کیسے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ تمام باتیں ہمیں بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے بہت کارآمد ہو سکتی ہیں

اس کے علاوہ خاص موضوعات پر مختلف زبانوں میں دوسرے معلوماتی کتابچے بھی مل سکتے ہیں جیسے صحت، تعلیم، کام، مہذب زندگی کے اصول اور باہم اکٹھے رہنا۔ یہ کتابچے ہمیں اس وقت بڑی مدد دیں گے جب ہم مکمل طور پر کتالان معاشرے میں شامل ہوں گے جب ہمارے بچے پرائمری سے سیکنڈری سکول میں جائیں گے یا ہمیں مکان خریدنا ہے اور جب ہم ذاتی کاروبار کرنا چاہتے ہیں تو یہ کتابچے ہمیں بہت مدد دیں گے

### ۔ترجمانی کی سہولت

(Servei de traducció i interpretació)

تمام لوگوں کو ایک جیسی سہولتیں میسر ہوں چنانچہ جو لوگ کتالان زبان نہیں بول سکتے ان کیلئے ہر وقت ایک ترجمان مہیا کیا جاتا ہے جو تمام سرکاری اداروں میں ان کی معاونت کرتا ہے ہسپتال میں ڈاکٹر کے ساتھ یا بچوں کو سکول داخل کروانے کے لئے اور ضرورت پڑنے پر کسی بھی جگہ ترجمان بلائے جا سکتے ہیں

## ۔میزبان معاشرے کو متحرک رکھنے والی سرگرمیاں

(Activitats per promoure una societat acollidora)

نئے آنے والوں کی ضروریات سرکاری وسائل پہ اثر انداز نہیں ہوتیں بلکہ یہ ایک معاشرتی عمل اور روزمرہ زندگی میں ان کی شمولیت کی حقیقت ہے، چنانچہ ہمیں مل جل کر زندگی گزارنے کیلئے اپنے مثبت ردعمل اور باہمی شراکت کے اصولوں کو اپنے حساس رویئوں سے قائم اور اجاگر رکھنا ہے۔

مستقبل کے اہداف

۔رہائشی علاقوں میں بحیثیت غیرملکی سرگرم شہری کے سماجی اور ثقافتی زندگی میں مختلف پہلوؤں سے بھرپور شرکت۔

۔زندگی کے ان تمام شعبوں میں ان کی بھرپور معاونت کرنا جن میں ان کی دلچسپی کا سامان ہو جیسے ان کے رسم ورواج، اور روایات چنانچہ اس طرح مقامی باشندوں اور ہجرت کر کے آنے والوں کے درمیان باہمی ربط کے لیے آسانیاں پیدا کرنا تاکہ دونوں مل جل کر اپنے علاقے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کریں۔

یہ تمام سرگرمیاں ایک طرح سے معاشرتی ڈھانچے کو مدد دیتی ہیں اور لوگوں کو ہجرت اور اس کے نتائج کا احساس بھی دلاتی ہیں۔اس کے علاوہ ایک مقصد کتلان معاشرے کو ہجرتی عمل کی حقیقت کے متعلق صحیح معلومات دینا بھی ہے کہ معاشرے پہ اس کے کیا اثرات ہیں اور کس طرح کے رویئے ساتھ لاتا ہے، آخر میں کتالان معاشرے کو ہجرت کے حقائق اور تمام تر مثبت آثرات سے آگاہ کرنا بھی ہے۔
کتلان لوگوں کی میزبانی کا ایک پہلو یکجہتی اور ساتھ چلنا بھی ہے، جیسے ایسوسی ایشنز کے ساتھ بےلوث کام کرنے والے نئے آنے والوں کو ہر ضرورت کے وقت ساتھ لے کر جاتے ہیں۔یہ کام رشتہ دار اور نئے آنے والوں کے دوست بھی سرانجام دیتے ہیں یہی وہ اہمیت اور ضرورت ہے جو کہ اس عمل میں لوگوں کو ایک دوسرے کیساتھ ملاتی ہے۔

## کتلونیا میں ہجرت کر کے آنے والے افراد اور وطن واپس لوٹ کر آنے والے شہریوں کیلئے وضع کردہ قانون

## LA LLEI D'ACOLLIDA DE LES PERSONES IMMIGRADES I LES RETORNADES A CATALUNYA

28 اپریل 2010ء میں کتلان پارلیمنٹ کتلونیا میں ہجرت کر کے آنے والے افراد اور وطن واپس لوٹ کر آنے والے شہریوں کیلئے وضع کردہ قانون کی منظوری دی۔جس کا مقصد ایک ایسا قانون متعارف کروانا ہے جس میں شخصی آزادی کا فروغ اور کتلان شہریوں تک ہماری مکمل رسائی ہے۔
نئے امیگرنٹس کا قانون کا اطلاق پورے کتلان علاقہ میں ہوگا جس نئے آنے والے افراد کا پہلا رابطہ ہوگا جس کے ذریعے ہم اس ملک کی ثقافت' زبان' روزگار کی تلاش کے مواقع بارے انتہائی ابتدائی میں جان سکیں گے۔بعض صورتوں میں اپنے ملک سے ہجرت کرنے سے پہلے ہی ان کا ہمیں علم ہو سکے گا۔یہ سروس تمام افراد کیلئے ہوگی اور ہمیں اس ملک کی استعمالیہ زبان کتلان اور کستیانو سیکھنے کی ضمانت ہوگی۔اس کے علاوہ ہمیں تلاش روزگار' کتلان معاشرے اور اس کے قوانین اور غیرملکیوں کے قانون اور ان کے حقوق اور فرائض بارے بھی معلومات حاصل ہوسکیں گی

اس سروس کا مقصد ہمیں ہمارے اردگرد کے ماحول اور معاشرہ سے ہم آہنگ ہونے میں آسانی پیدا کرنا ہے جو ابتدائی طور پہ ہمارے لئے اجنبی ہوسکتا ہے۔اس کے علاوہ کتلان معاشرے میں ہمارے حقوق اور فرائض بارے مکمل معلومات اور سماجی حالات میں ریذیڈنسی کے حصول کیلئے ہماری رہنمائی کرنا ہے

غیرملکیوں کیلئے قانون میں مزید رہنمائی حاصل کرنے کیلئے ڈائریکٹر جنرل امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کی خصوصی طور پہ تیار کردہ ویب سائٹ دیکھ سکتے ہیں

http://www20.gencat.cat/portal/site/dasc/menuitem.6e02226e86d88424e42a63a7b0c0e1a0/?vgnextoid=f370c33dad5a4210VgnVM1000008d0c1e0aRCRD&vgnextchannel=f370c33dad5a4210VgnVCM1000008d0c1e0aRCRD&vgnextfmt=default

## کتلونیا میں آنے والے نئے شہریوں کی رہنمائی کا مواد

## MATERIALS DE SUPORT A L'ACOLLIDA

محکمہ سماجی بہبود اور خاندانی بھلائی نے امیگریشن کی ڈائریکٹوریٹ جنرل کی وساطت سے کتلونیا میں نئے آنے والے شہریوں کی رہنمائی کیلئے 6 ڈی وی ڈی کا ایک البم تیار کیا ہے۔ جس کا بنیادی مقصد کتلونیا اور کتلان معاشرے تنظیمی ڈھانچے اور پبلک اداروں کے نظام بارے مکمل معلومات فراہم کرنا ہے۔ ہر ڈی وی ڈی مخصوص موضوع پر بنائی گئی ہے۔ پہلی ڈی وی ڈی میں کتلونیا اور کتلان معاشرے، تاریخی جائزہ، سیاسی ڈھانچہ اور اس اختیارات، مقامی زبان، مختلف اور روایات وغیرہ۔ دوسری پانچ ڈی وی ڈی میں مختلف اداروں اُن تک رسائی اُن کی خصوصیات اور صارفین کے حقوق و فرائض، پبلک اداروں۔ روزگار، رہن سہن اور ہم آہنگی، صحت، تعلیم اور سماجی بہبود کے ادارے شامل ہیں

ان ڈی وی ڈی کا مقصد نئے آنے والے افراد کی رہنمائی کرنے والے ماہرین کو صوتی مدد فراہم کرنا ہے تا کہ وہ لسانی و ترمیتی کلاسز کا اہتمام کرتے وقت ان سے مستفید ہو سکیں۔ یہ صوتی مواد نئے آنے والے افراد کیلئے لسانی و ثقافتی اعتبار سے ناگزیر ہو۔ یہی وجہ ہے کہ چھ ڈی وی ڈی پر مشتمل صوتی مواد کتلونیا میں امیگرنٹس میں بولی جانے والی دس اہم زبانوں کتلان، کسیانو، انگلش، فرانسیسی، عربی، امازیک، چینی، اردو، رمانی اور روسی زبانوں پر مشتمل ہیں

چھ ڈی وی ڈی پر مشتمل صوتی مواد استقبالیہ قانون کے آغاز اور 2005 سے 2008 میں شروع کئے جانے والے شہری و امیگرنٹس کے یکجہتی و استقبالیہ پلان کا حصہ ہے

مختلف ماہرین اور نئے آنے والے امیگرنٹس کی مدد و رہنمائی کرنے والی تنظیموں کی مدد 3000 ڈی وی ڈی تقسیم کی گئیں تھیں۔ ہر ڈی وی ڈی کا دورانیہ 15 سے 20 منٹ ہے۔

بعد ازاں آپ دس مختلف زبانوں میں دستیاب صوتی مواد سے مستفید ہو سکتے ہیں